بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Federal Shariat Court

Islamabad 04.03.2024

ڈاکٹر محمد مطیع الرحمن
سینئر ریسرچ ایڈوائزر،
فون نمبر 051-9203443

پریس ریلیز

پشاور - وفاقی شرعی عدالت کا فل بنچ جو کہ عزت مآب جناب جسٹس اقبال حمید الرحمان، چیف جسٹس، عزت مآب جناب جسٹس خادم حسین ایم شیخ اور عزت مآب جناب جسٹس ڈاکٹر سید محمد انور، معزز ججز صاحبان پر مشتمل تھا، نے جنگلات کی کٹائی کے موضوع پر جاری درخواستوں کی سماعت وفاقی شرعی عدالت، پاکستان کی پشاور بنچ رجسٹری کی نئی تعمیر شدہ عمارت میں کی۔

آخری حکم مورخہ 26.02.2024 کے جواب میں چاروں صوبوں کی نمائندگی جناب بلیغ الزمان، ایڈیشنل اے جی پنجاب، احسن حمید ڈوگر ایڈووکیٹ اے جی سندھ، مبشر منظور ایڈووکیٹ، اسسٹنٹ اے جی خیبر پختونخوا، طاہر اقبال خٹک، ایڈیشنل اے جی، بلوچستان، امتیاز حسین صدیقی، ڈی ایف او، راولپنڈی، نذیر حسین شاہ، سیکریٹری موسمیاتی تبدیلی، جنگلات اور ماحولیات، مقتدا شاہ، چیف کنزرویٹر، محکمہ جنگلات کے پی کے اور سید غلام محمد، چیف کنزرویٹر (جنوبی)، محکمہ جنگلات، حکومت بلوچستان نے کی۔ انہوں نے عدالت کے سامنے تمام صوبوں میں جنگلات کی کٹائی سے نمٹنے کے اقدامات کی تفصیل کے ساتھ جامع انداز میں اپنی تجاویز بھی پیش کیں۔ تاہم عدالت نے معاملے کی سماعت کے بعد اگلی سماعت سے پہلے اپنے متعلقہ صوبوں میں جنگلات کی کٹائی کے تحفظ کے لیے اپنی مجوزہ حکمت عملیوں کا خاکہ پیش کرتے ہوئے باضابطہ جواب داخل کرنے کی ہدایت کی۔

کیس کو عید الفطر کے بعد پرنسپل سیٹ اسلام آباد میں سماعت کے لیے ملتوی کر دیا گیا۔

(ڈاکٹر محمد مطیع الرحمن)
سینئر ریسرچ ایڈوائزر